Canal View
Co-operative Housing Society Ltd.

Ref. No. CV/ : 33083 **Dated:** 12-06-24

معززممبران!

کینال ویوکوآپریٹوہاؤسنگ سوسائٹی، لاہور

السلام علیکم:

عیدالاضحیٰ سے متعلقہ چند گزارشات

معززممبران! جیسا کہ آپ جانتے ہیں عیدالاضحیٰ کی آمد آمد ہے آپ ممبران کی شکایات متعلق اٹھانے قربانی کے جانوروں کی آلائشیں، کوڑا کرکٹ، و دیگر متفرق شکایات میں اضافہ کا احتمال ہے آپ اپنی شکایات دفتر میں قائم کمپلینٹ سیل نمبر 042-35299999 پر درج کروانے کے علاوہ فون نمبر 0300-4251236 پر صاحب دین فیلڈ سپروائزر سے رابطہ کر سکتے ہیں تاخیر کی صورت میں فون نمبر 0321-4354166 پر نذیر احمد ایڈمن مینیجر سے بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

معززممبران کو درخواست کی جاتی ہے کہ آپ قربانی کے جانور اپنے گھروں کے اندر ذبیحہ کرا کے وہیں ان کا گوشت بنوائیں گھروں کے باہر کسی جگہ یا سڑک پر یا خالی پلاٹوں و پارکوں میں جانور ذبیحہ نہ کریں اور نہ ہی وہاں ان کی آلائشیں پھینکیں آپ کی سہولت کے لئے فیملی پارک کے شمالی طرف اتوار بازار والی جگہ کا ایک حصہ جانور ذبیحہ کرنے و گوشت بنوانے کیلئے مختص کر دیا گیا ہے اگر آپ گھروں میں جانور ذبیحہ نہ کرنا چاہیں تو یہ فریضہ متذکرہ مخصوص جگہ میں سرانجام دے سکتے ہیں امید ہے آپ نہ صرف سوسائٹی کو صاف ستھرا رکھنے میں بلکہ گندگی اور خلاف ورزی کی نشاندہی میں بھی تعاون کریں گے مندرجہ بالا سہولت کے علاوہ گزشتہ سال کی طرح سوسائٹی میں قربانی کے ذبیحہ کے حوالہ سے مندرجہ ذیل سہولتیں بھی ممبران کو حاصل ہوں گی۔

1- چھوٹے جانور کے ذبیحہ و گوشت بنوانے کیلئے 4000 روپے فی جانور کے حساب سے بک کرانے کیلئے مرکزی جامع مسجد ڈی بلاک کے موذن خلیل الرحمان سے فون نمبر 0300-8096386 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

2- سوسائٹی کے قصابوں کیلئے بھی اتوار بازار والی جگہ کے ایک حصہ پر جانوروں کے ذبیحہ و ان کے گوشت کی بنوائی کا انتظام ہوگا۔ معززممبران اپنے چھوٹے و بڑے جانور ذبیحہ کرنے و گوشت بنوانے کیلئے موقع پر موجود قصابوں سے رابطہ کر سکتے ہیں

3- عیدالاضحیٰ کی اجتماعی نماز جناح پارک / اے بلاک پارک میں بوقت 6 بجے صبح ادا کی جائے گی۔ امامت کے فرائض مفتی محمد اویس مسعود صاحب انجام دیں گے۔ اہلیان کینال ویو سے اس میں شرکت کی اپیل ہے مزید یہ کہ پارک میں صفوں وغیرہ کے محدود انتظام کے پیشِ نظر معززممبران سے گزارش ہے کہ نماز کی ادائیگی کیلئے جائے نماز ہمراہ لائیں تاہم بارش کی صورت میں نمازِ عید متعلقہ مساجد میں ادا ہوگی۔

نوٹ: گھروں میں ذبیحہ کئے گئے قربانی کے جانوروں کی آلائشیں ڈالنے کیلئے 1/1 بڑا بیگ آپ کو اس سرکلر کے ساتھ ہی بھجوایا جا رہا ہے ایک سے زیادہ بیگ درکار ہوں تو 100 روپے فی بیگ ادا کر کے حاصل کئے جا سکتے ہیں اتوار بازار والی جگہ پر ذبیحہ کئے گے جانوروں کی آلائشوں کو تلف کرنے کا موقع پر ہی انتظام ہوگا۔ آلائشوں سمیت بیگز گھروں میں ہی رکھیں جہاں سے سوسائٹی کا عملہ صفائی حاصل کر لے گا۔ تاخیر کی صورت میں فون نمبرز 042-35299999 و 0300-4251236 اور 0321-4354166 پر رابطہ کریں۔ شکریہ

منجانب انتظامیہ کینال ویو سوسائٹی، لاہور

Admin Manager
Canal View Cooper[illegible]
Housing Society [illegible]
12/6/2024

کاپی بطرف PA برائے ریکارڈ

Multan Road, Lahore-53700. Tel: 042-35299999 | ✉ canalview_Coop@yahoo.com